# آپ کے بچے کی ویکسینز

# دیگر ممالک سے آئرلینڈ آنے والے والدین اور سرپرستوں کے لئے اہم معلومات

اس کتابچے میں آپ کو آپ کے بچے کی ویکسینز کے بارے میں معلومات ملیں گی۔ ویکسینز آپ کے بچے کو قابل انسداد پھیلنے والے امراض سے بچا کر اسے صحت مند رکھتی ہیں۔ آئرش ہیلتھ سروس (دی ہیلتھ سروس ایگزیکٹو) کلینکس میں ویکسینیشن ٹیموں کے ذریعے ویکسینیشنز کی پیشکش کا انتظام کر رہا ہے۔ کچھ لوگ موبائل ویکسینیشن ٹیموں کے ذریعے ویکسینز کی پیشکش کریں گے۔ کیچ اپ ویکسینیشن ٹیم کا کوئی فرد آپ سے آپ کے بچے کی ویکسینیشن کے بارے میں رابطہ کر سکتا ہے۔

**ویکسینز کیوں اہم ہیں؟**

ویکسینز بچوں کو ایسے انفیکشنز سے بچاتی ہیں جو انہیں شدید بیمار کر سکتے ہیں۔ بہت چھوٹے بچوں کو ان انفیکشنز کا سب سے زیادہ خطرہ ہوتا ہے، اس لئے ویکسینز جلد از جلد شروع کی جاتی ہیں۔

آئرلینڈ میں ویکسین شیڈول 2 ماہ کی عمر میں شروع ہوتا ہے اور جب آپ کا بچہ 2، 4، 6، 12 اور 13 ماہ کی عمر کو پہنچتا ہے تو 5 مرتبہ فیملی ڈاکٹر (جسے جنرل پریکٹیشنر یا جی پی کہتے ہیں) کے پاس جا کر مجوزہ ویکسینز لگوائی جاتی ہیں۔ آئرلینڈ میں بچوں کو ان انفیکشنز سے بچانے والی ویکسینز کی دی جاتی ہیں جو آئرلینڈ میں عام یا نہایت سنگین ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 2 ماہ | وزٹ 1 | 1 میں PCV + MenB + Rotavirus + 6<br>3 ٹیکے + بذریعہ منہ قطرے |
| 4 ماہ | وزٹ 2 | 1 میں MenB + Rotavirus + 6<br>2 ٹیکے + بذریعہ منہ قطرے |
| 6 ماہ | وزٹ 3 | 1 میں PCV + MenC + 6<br>3 ٹیکے |
| 12 ماہ | وزٹ 4 | MMR + MenB<br>2 ٹیکے |
| 13 ماہ | وزٹ 5 | Hib/MenC + PCV<br>2 ٹیکے |

**آئرلینڈ میں کن ویکسینز کی تجویز دی جاتی ہے؟**

آئرلینڈ میں بچوں کو ان انفیکشنز سے بچانے والی ویکسینز کی تجویز دی جاتی ہے جو آئرلینڈ میں عام ہیں اور جو انہیں نہایت بیمار کر سکتے ہیں۔

**دیگر ممالک میں دی جانے والی ویکسینز اور آئرلینڈ میں دی جانے والی ویکسینز میں کیا فرق ہے؟**

آئرلینڈ میں دی جانے والی اکثر ویکسینز دیگر ممالک میں بھی دی جاتی ہیں۔ مثال کے طور پر ڈفتھیریا، پولیو، ٹیٹنس اور خسرہ سے بچاؤ کی ویکسینز کئی ممالک میں بچوں کو دی جاتی ہیں۔

آئرلینڈ میں مجوزہ کچھ ویکسینز دیگر ممالک کے مقابلے مختلف بھی ہو سکتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دیگر ممالک کے مقابلے آئرلینڈ میں عام امراض مختلف ہو سکتے ہیں. مثال کے طور پر آئرلینڈ میں ہم بچوں کو میننگوکاکل بی اور سی امراض سے بچاؤ کی ویکسینز دیتے ہیں۔ یہ انفیکشنز میننجائٹس اور سیپٹیسیمیا پیدا کر سکتے ہیں۔ یہ ویکسینز کچھ ممالک کے حفاظتی ٹیکوں کے شیڈول کا حصہ نہیں ہیں۔ لیکن آئرلینڈ میں بچوں کو ان نہایت سنگین انفیکشنز سے بچانے کے لئے ان کی تجویز دی جاتی ہے۔

**میرے بچے نے کسی اور ملک سے اپنی تمام ویکسینز لگوائی ہیں۔ اب آئرلینڈ میں آنے کے بعد اسے دیگر ویکسینز کی ضرورت کیوں ہے؟**

چونکہ اب آپ کا بچہ آئرلینڈ میں رہ رہا ہے، اسے آئرلینڈ کے ویکسینیشن شیڈول پر عمل کرنا چاہیے۔ آئرلینڈ میں مجوزہ ویکسینز بچوں کو ان امراض سے بچاتی ہیں جو آئرلینڈ میں عام ہیں یا جن کے سنگین نتائج ہو سکتے ہیں۔

آپ کے بچے کو آئرلینڈ میں مجوزہ ویکسینز کے ساتھ "کیچ اپ" کرنا چاہیے (یعنی انہیں پورا کرنا چاہیے)۔ اس نے جو ویکسینز کسی اور ملک میں لگوا لی ہیں، انہیں دہرانے کی ضرورت نہیں۔

## اضافی ویکسینز آپ کے بچے کو کن امراض سے بچاتی ہیں؟

### روٹاوائرس بذریعہ منہ ویکسین

روٹاوائرس ایک وائرل انفیکشن ہے جو شیر خوار بچوں اور چھوٹے بچوں میں دست اور قے پیدا کرتا ہے۔ زیادہ تر بچے گھر پر ٹھیک ہو جاتے ہیں لیکن کچھ کو ہسپتال میں داخل کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ روٹاوائرس ویکسین کے تعارف سے پہلے آئرلینڈ میں ہر سال 5 سال سے کم عمر تقریباً 880 بچے روٹاوائرس انفیکشن کے باعث ہسپتال میں داخل تھے۔ روٹاوائرس ویکسین متعارف ہونے کے بعد اس تعداد میں ڈرامائی کمی آئی ہے۔

روٹاوائرس ویکسین صرف 8 ماہ سے کم عمر بچوں کو دی جا سکتی ہے۔

### میننگوکاکل بی (MenB) ویکسین

MenB ویکسین آپ کے بچے کو میننگوکاکل بی مرض سے بچانے میں مدد دیتی ہے۔ یہ ایک سنگین بیکٹیریل انفیکشن ہے جس میننجائٹس (دماغ کی تہہ کی سوزش) اور سیپٹیسیمیا (خون میں زہر) پیدا ہو سکتا ہے۔ میننگوکاکل بی آئرلینڈ میں میننجائٹس کے باعث چھوٹے بچوں میں زیادہ تر انفیکشنز اور اموات کا باعث ہوتا ہے۔ MenB ویکسین 2 سال کی عمر کے بعد نہیں دی جاتی۔

### میننگوکاکل سی (MenC) ویکسین

MenC ویکسین آپ کے بچے کو میننگوکاکل سی مرض سے بچانے میں مدد دیتی ہے۔ اس بیکٹیریل انفیکشن سے بھی میننجائٹس (دماغ کی تہہ کی سوزش) اور سیپٹیسیمیا (خون میں زہر) پیدا ہو سکتا ہے۔ آپ کے بچے کو دیگر ویکسینز کی بھی تجویز دی جا سکتی ہے۔ آپ کا ڈاکٹر یا نرس آپ کو مشورہ دیں گے۔

### نیوموکاکل (PCV13) ویکسین

PCV13 ویکسین نیوموکاکل بیکٹیریا سے پیدا ہونے والے مرض سے بچاتی ہے۔

اس بیکٹیریا سے میننجائٹس (دماغ کی تہہ کی سوزش)، نمونیہ (پھیپھڑوں کا انفیکشن) یا سیپٹیسیمیا (خون میں زہر) پیدا ہو سکتا ہے۔

### ان ویکسینز کے ضمنی اثرات کیا ہیں؟

ویکسینز کے بعد کے ضمنی اثرات کو صرف چند دن باقی رہنا چاہیے

**MenB ویکسین کے بعد** آپ کے بچے کو بخار (تیز درجۂ حرارت) ہو سکتا ہے یا انجیکشن لگانے کی جگہ پر بے آرامی، سرخی اور سوجن ہو سکتی ہے۔

**MenC ویکسین کے بعد** آپ کے بچے کو انجیکشن لگانے کی جگہ پر بے آرامی، سرخی اور سوجن ہو سکتی ہے یا بخار یا چڑچڑا پن ہو سکتا ہے۔

**روٹاوائرس ویکسین کے بعد** آپ کے بچے کو ہلکے دست ہو سکتے ہیں۔ نہایت شاذ حالات میں اس کے پیٹ میں درد یا ریش پیدا ہو سکتا ہے۔

**میں اپنے بچے کی ویکسینیشن کہاں سے کروا سکتا/سکتی ہوں؟**

آئرلینڈ میں فیملی ڈاکٹر (جی پی) یا مہاجرین کا کیچ اپ ویکسینیشن پروگرام مہاجرین اور تحفظ کے درخواست گزار بچوں کو ویکسینیشن فراہم کرتے ہیں۔ عام طور پر پریکٹس نرس جی پی کی ہدایات کے تحت بچوں کو ویکسین لگاتی ہے۔ بچوں کو ضروری ویکسینز لگانے کے لئے ہیلتھ سروس کی طرف سے دیگر کلینکس کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔

**میں جی پی سے اپائنٹمنٹ کیسے لوں؟**

آپ کو جی پی سے اپائنٹمنٹ لینی ہو گی، جی پی تلاش کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات کے لئے https://www2.hse.ie/services/find-a-gp/ پر دی گئی معلومات دیکھیں۔

اگر آپ کا کوئی جی پی نہیں ہے تو مقامی کیچ اپ ویکسینیشن ٹیم آپ سے رابطہ کرے گی۔

**ویکسینیشن وزٹ میں کیا ہوتا ہے؟**

ویکسین لگانے سے پہلے مقامی کیچ اپ ویکسینیشن ٹیم کا کوئی رکن، جی پی یا پریکٹس نرس آپ سے بچے کے لئے ضروری ویکسینز کے بارے میں بات کریں گے اور آپ کو ہر ویکسین کے بارے میں بتائیں گے۔ ویکسین لگانے کے بعد مقامی کیچ اپ ویکسینیشن ٹیم کا کوئی رکن، جی پی یا پریکٹس نرس آپ کو ایک 'ویکسین پاسپورٹ' دستاویز دیں گے جس میں آپ کے بچے کو دی گئی ویکسینز کی تفصیلات درج ہوں گی۔ یہ نہایت اہم ہے کہ آپ ویکسین پاسپورٹ کو بچے کی ویکسینیشن ہسٹری کے ریکارڈ کے طور پر سنبھال کر رکھیں۔ یہ اہم ہے کہ آپ تمام مزید ویکسینیشن وزٹس میں یہ ریکارڈ ساتھ لائیں۔

**کیا مجھے ویکسینیشن کی ادائیگی کرنی ہو گی؟**

نہیں۔ آئرلینڈ میں ویکسینیشن مفت ہے۔

**کیا بڑے بچوں کے لئے کوئی ویکسینز تجویز کی جاتی ہیں؟**

جب بچے اسکول میں ہوتے ہیں تو انہیں ویکسینز کی تجویز دی جاتی ہے

جونیئر انفینٹس میں (5 سالہ):

اسکول میں MMR اور ڈفتھیریا، ٹیٹنس، پرٹسز (کالی کھانسی) اور پولیو ویکسینز کی بوسٹر خوراک پیش کی جاتی ہے۔

سیکنڈری اسکول کے پہلے سال میں (12 سالہ):

اسکول میں HPV، MenACWY (میننگوکاکل ACWY) اور ڈفتھیریا، ٹیٹنس اور پرٹسز (کالی کھانسی) ویکسینز کی بوسٹر خوراک پیش کی جاتی ہے۔

**کیا بالغ افراد کے لئے کوئی ویکسینز تجویز کی جاتی ہیں؟**

جی ہاں۔ جن بالغ افراد نے کچھ ویکسینز نہیں لگوائیں، انہیں وہ لگوانے کی تجویز دی جاتی ہے۔ مثال کے طور پر خسرہ، ممپس اور روبیلا سے بچانے والی MMR ویکسین ان بالغ افراد کے لئے تجویز دی جاتی ہے جنہوں نے کبھی یہ ویکسین نہیں لگوائی۔ مقامی کیچ اپ ویکسینیشن ٹیم کے رکن، اپنے فیملی ڈاکٹر (جی پی) یا نرس سے بات کریں۔

**میرے پاس ویکسینیشن کے بارے میں کچھ سوالات ہیں، مجھے کس سے بات کرنی چاہیے؟**

مقامی کیچ اپ ویکسینیشن ٹیم کے رکن، اپنے جی پی یا پریکٹس نرس سے بات کریں۔ اگر ہیلتھ سروس کی طرف سے بچوں کو ویکسینز لگانے کے لئے دیگر کلینکس کا انتظام کیا جائے تو آپ ان کلینکس میں بھی ڈاکٹر یا نرس سے بات کر سکتے ہیں۔

**مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟**

www.immunisation.ie ملاحظہ کریں